Department of Education
Chancellor Meisha Porter

18 جون، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم نے کر دکھایا!

ایک عالمگیر وبا کے باوجود جس نے ہماری زندگیوں کو درہم برہم کردیا تھا، ہم اس تعلیمی سال کے آخری مرحلے میں ہیں۔ میں اس موقع پر ان تمام کامیابیوں کو اعزاز دینا اور جشن منانا چاہتی ہوں جو ہمارے تمام خاندانوں اور طلبا نے اس مشکل ڈیڑھ سال میں حاصل کی ہیں۔ ہم اس تعلیمی سال کا ایک مضبوط اختتام آپکی وجہ سے کررہے ہیں۔ کیونکہ آپ نے اور آپ کے بچوں نے تعلیم کو ایک ترجیح بنایا۔

میری پسندیدہ مصنفہ Maya Angelou کا ایک قول ہے، جو انسانی روح کی طاقت اور استقلال کے بارے میں ہے۔ اپنی 2009 کی کتاب *Letter to My Daughter* میں Angelou نے لکھا: (ہوسکتا ہے آپ اپنے ساتھ ہونے والے تمام واقعات پر قابو نہ پا سکیں، لیکن آپ انکے ذریعے نیچا محسوس نہ کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں).

مشکلات کے سامنے سرخرو ہونے کا یہ جذبہ، ہمارے لاجواب طلبا اور خاندانوں کی عکاسی کرتا ہے، جو ناگفتہ مسابقتوں کے باوجود مستحکم رہے۔ ملکر آپ نے:

- گھر سے تعلیم کو اپنایا، اور کچھ صورتوں میں عمارتوں میں مہینوں دور رہنے کے بعد واپس آئے۔
- اسکول کے کام پر توجہ مرکوز رکھی۔
- خاندان کے اراکین اور دوستوں کے ساتھ رابطے کے نئے طریقے سیکھے۔
- ہر روز سے مستفید ہوئے، چاہے ریموٹلی تعلیم حاصل کرتے ہوئے یا ماسک پہن کے اسکول آتے ہوئے۔

آپ نے اپنی آواز اٹھائی جب آپ نے اپنے ہمسایوں کے خلاف تشدد کی خوفناک کارروائیاں دیکھیں اور یہ واضح کردیا کہ آپ سیاہ فاموں کے خلاف تشدد، یہود دشمنی، ایشائی افراد کے خلاف تشدد، اسلام دشمنی، غیرملکیوں سے نفرت، ہم جنس پرستوں سے نفرت، یا کوئی اور تعصب یا امتیازیت کا فعل جو نقصان پہنچائے، برداشت نہیں کریں گے۔آپ اپنی برادریوں کے ساتھ یک جہتی میں کھڑے ہوئے— کیونکہ نیویارک کے باشندے یہی کرتے ہیں۔

یک جہتی کے اسی جذبے کے ساتھ، میں آپکی توجہ ایک اہم تاریخ کی جانب دلانا چاہتی ہوں، 19 جون، جو Juneteenth اور متحدہ ریاست میں غلامی کے خاتمے کی یاد مناتی ہے۔ بطور ایک معلم، میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے طلبا کو سیاہ فاموں کی تاریخ اور امریکی تاریخ کے وسیع تر تناظر میں غلامی کی برقرار روایت کے بارے میں تعلیم دینا اہم ہے۔ اور اب جونٹینتھ (Juneteenth ) تاریخی کتابوں میں ایک اور وجہ سے درج ہوگی: کانگرس نے ایک قرارداد پاس کی ہے جو 19 جون کو ایک وفاقی تعطیل قرار دیتی ہے۔ اس سال، Juneteenth واقع ہوئی ہے جب ہم نظامی تعصب کا مسلسل شکار ہیں، اور جو ضرر اور دکھ یہ ہمارے ہمسایوں، ساتھی نیویارک کے باشندوں اور ساتھی امریکیوں کو پہنچاتا ہے۔ میں اس بارے میں سوچتی ہوں جس طرح عالمگیر وبا COVID-19 نے غیر سفید فاموں پر نا متناسب اثر ڈالا ہے۔ میں ہماری قوم کی پہلی Tulsa خوں ریزی کے بارے میں سوچتی ہوں، 100 سال بعد۔ اور میں اس سب کام کے بارے میں سوچتی ہوں جو ہمیں اپنے اسکولوں میں مساوات قائم کرنے کے لیے کرنے ہیں۔

اگر آپ Juneteenth کے بارے میں اور نیویارک کے باشندوں اور سیاہ فام امریکیوں کے لیے اسکی اہمیت کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں، براہِ مہربانی schools.nyc.gov/Juneteenth پر ہمارا وڈیو دیکھیں اور اس دن کے بارے میں جاننے اور سوچنے کے لیے وسائل دیکھیں۔

بطور آپکے چانسلر کے، یہ یقینی بنانا میری ذمہ داری ہے کہ ہمارے ایک ملین طلبا تنقیدی سوچ رکھیں اور اس دنیا میں کامیاب ہونے کے لیے وہ صلاحیتیں سیکھیں جنکا ہم بالغان تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ایمانداری سے، میں آپ سے مرعوب ہوں۔ آپ اور آپ کے بچوں نے ہمیں اس سال بہت کچھ سیکھایا ہے— اپنی آواز کو تبدیلی لانے کے لیے کس طرح استعمال کریں اور جب حالات دشوار ہوں تو کس طرح مضبوط رہا جائے۔ ان چیزوں سے کس طرح مطابقت کریں جن پر ہمارا قابو نہیں ہے، اورMaya Angelou کی رہنمائی کی کس طرح پیروی کریں اور حالات سے نیچا محسوس نہ کریں۔

Department of Education
Chancellor Meisha Porter

حالانکہ میں اس عہدے پر چار ماہ سے کم عرصے سے ہوں، لیکن مجھے ایک بات کا یقین ہے: ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو ہم ملکر حاصل نہیں کرسکتے۔ اگر ہم نے پچھلے ڈیڑھ سال کو گزار لیا ہے، ہم ستمبر میں کامیاب ہونے کے لیے تیار ہونگے۔ اس خزاں میں تمام طلبا کی خود موجودگی (اِن پرسن) تعلیم کے پیشگی، میں 12 سال اور اس سے زائد عمر کے تمام افراد سے COVID-19 کی ویکسین لگوانے کی حوصلہ افزائی کرونگی۔ یہ ہماری برادریوں اور شہر کو محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ ہے۔ آپ اپنے اور اپنے بچے کے لیے ایک وقتِ ملاقات vaccinefinder.nyc.gov پر جاکر طے کرسکتے ہیں۔

20 سال سے زائد بطور ایک معلم کے، میں ایک تفویض کے بغیر اختتام نہیں کرسکتی (گھبرائیں نہیں، یہ ایک امتحان نہیں ہوگا)۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ اور آپ کے بچے ان تمام کامیابیوں کا جشن منائیں جو آپ نے اس سال حاصل کی ہیں۔ میں امید کرتی ہوں آپ بہت سا وقت ملکر گزاریں، گلے لگیں، نئے تجربات حاصل کریں، خوش ہونے کی وجوہات تلاش کریں۔ اور دوبارہ تازہ دم ہوں۔

ہم ملکر اس جگہ پہنچے ہیں، اور میں یہ دیکھنے کے لیے بے چین ہوں کہ ہم اس خزاں میں کیا کرسکتے ہیں۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر

مکرر، یہ یاددہانی کہ گریڈز K–12 کے تمام طلبا سمر رائزنگ میں حصہ لینے کے اہل ہیں، ہمارا مفت، پُرتفریح گرمیوں کا تعلیمی اور تقویتی پروگرام۔ مزید جاننے اور سائن اپ کرنے کے لیے براہ مہربانی اس پر جائیں: nyc.gov/summerrising